اک نرم سی آواز ہے پاؤں کی زنجیر
ٹھوکر تو لگے کوئی ٹھہر جاؤں گا میں بھی

تدبیر کو تقدیر سے منسوب کروں گا
الزام کسی اور پہ دھر جاؤں گا میں بھی

اٹکا ہوں زباں پر میں ابھی لفظ کی صورت
آواز میں ڈھلتے ہی بکھر جاؤں گا میں بھی

ٹوٹا ہوا پھول میں گرتی ہوئی شبنم
اڑ جائے گی خوشبو تو بکھر جاؤں گا میں بھی

اس قد سے اٹھایا نہ کبھی بوجھ تمنا
جینے کا رہا شوق تو مر جاؤں گا میں بھی

مظلوم کون ؟

سلمیٰ جبیں مغربی جرمنی

یورپ میں ایسے کارٹون اور لطیفے بہت مقبول ہیں جن میں عورت کو سراپا ظلم و ستم دکھایا گیا ہو اور مرد بیچارہ مظلومیت و بے کسی کی علامت یا استعارہ ہو۔

اس قسم کے کارٹون آپ نے بھی ضرور دیکھے ہوں گے کہ شوہر بیچارے بغل میں دبائے دبے پاؤں گھر میں گھس رہا ہے اور بی بی بیلنا تانے دروازے کے پیچھے تاک لگائے کھڑی ہے۔

اگر کوئی مرد رات گئے پکا دو پیک لگا کر پولیس سے فریاد کرتا ہے۔ عورتوں کا بیلنا، فرائینگ پین، چھری یا جھاڑو وغیرہ کے ذریعے شوہروں پر حملہ آور ہونا کارٹونسٹ حضرات کا ہمیشہ سے محبوب موضوع رہا ہے۔

دیکھنے والوں کے رد عمل میں البتہ تبدیلی آگئی ہے۔ پہلے مرد ایسے کارٹون دیکھتے تھے تو خوب ہنستے تھے اب دیکھتے ہیں تو بہت روتے ہیں۔

وجہ اس تبدیلی کی یہ ہے کہ صدی سے زیادہ صنعتی و نسوانی ترقی نے تخیل کو حقیقت میں بدل دیا ہے۔ کارٹون کا فرضی دنیا سے نکل کر گھروں میں داخل ہو چکے ہیں۔ شوہر جو پہلے مجازی خدا اور ان داتا وغیرہ وغیرہ تھا اب چھڑی کی اس ٹوپی میں ڈھل چکا ہے جس پہ بکسر مکے بازی کی مشق کرتے رہتے ہیں اور بی بی جس کا کام گھلے دفتروں میں پٹنا اور رونا اور پٹائی کے لئے پھر سے تیار کرنا ہوتا تھا اب خود باکسر کا روپ دھار چکی ہے کہ جب بات ہے [illegible] کر دو چار دو دو دانت [illegible] اس ٹوپی پہ لگا دیے اور حقوقِ نسواں پہ لکھی گئی کتابیں پڑھنے لگیں۔ اس سارے قصے میں ٹریجڈی یہ ہے کہ پٹتے تو مرد ہیں مگر پناہ گاہیں عورتوں کے لئے بنائی گئی ہیں۔ جرمنی میں خواتین کی متعدد ایسی تنظیمیں ہیں جنہوں نے آشیانے کی طرز پر شوہروں کی ستائی ہوئی بیویوں کے لئے مراکز بنا رکھے ہیں۔

جرمن کی وزارت برائے عائلی امور نے بھی کچھ عرصہ پہلے جرمنی کے بڑے بڑے شہروں میں ایسے خصوصی گھروں کی تعمیر کا حکم دیا تھا جہاں دکھی اور مظلوم عورتیں پناہ لے سکیں۔ کلون، فرینکفرٹ اور برلن ایسے ہی بڑے شہروں کی فہرست میں آتے ہیں۔

ادھر تو یہ ہو رہا ہے اور ادھر پچھلے کچھ برسوں کے تجربات، اعداد و شمار اور حقائق ادا اور اعداد سے انکشاف ہوتا ہے کہ بیچارے شوہر خاصی بڑی تعداد میں اپنی بیگمات کے ہاتھوں پٹتے ہیں۔

بات جو شوق سے نکل کر مشغلہ ہو چکی ہے اس کا سلسلہ کہیں تو جا کر رکنا ہی تھا اور وہ یہ سوچ کر بیٹھے کہ وہ صرف دھکا دو اس سراپا ناز کا شیوہ بن گیا تھا اور ادھر سے بھی ہٹ دھرمی کے کوئی آثار نہیں پائے جاتے۔

یوں دیکھئے تو خواتین کے بچوں میں مردوں کے شانہ بشانہ ترقی میں آگے آگے دوڑ رہی ہیں جرمن، دہشت پسند وں میں زیادہ تعداد عورتوں ہی کی ہے جیلوں میں بھی انہیں اقلیت بن کر رہنا پسند نہیں یہاں تک کہ جہاں تک ذات و خصوصیات کا سوال ہے انہوں نے ذہین ترین افراد کو بھی ورطۂ حیرت میں ڈال رکھا ہے۔



بون میں یونیورسٹی کے ڈاکٹر [illegible] صاحب

جو عائلی مسائل پر تحقیقات و تجربات میں مصروف ہیں، اپنے ذاتی تجربے کی روشنی میں فرماتے ہیں کہ گھر کا باس کسی بھی جنس کا ہو سکتا ہے بلکہ جو مرد صیاد کا کردار ادا کرتا تھا آج صید بن بیٹھا ہے اور خوفناک قسم کی بے گھری کا شکار ہو رہا ہے۔

"تو تیسری کس حال میں ہے؟"

اور جبکہ یہ نیا بیچارہ تو غریب یہ بھی نہیں کہہ سکتا کہ شیر ہے کے جال میں پھنس جاتا ہے اس جواب پر شیر اور جال کا کیا حشر ہوگا۔ جرمن چونکہ اعداد و شمار کے بغیر کسی بات کسی عقیدے پر ایمان نہیں لاتے اس لئے یہ نظریہ بیورو نے پٹنے پٹانے کے اعداد و شمار بھی شائع کر دیئے ہیں۔ ان کی رو سے دو تہائی عورتیں اور ایک تہائی مرد عائلی مظالم کا شکار رہے۔

ان حقائق اور اعداد و شمار سے یہاں کے وکلاء، ماہرینِ طب، سماجی کارکن اور پولیس والے سب متفق ہیں۔ بلکہ اپنے طور پر ایسے حادثات کی تفصیلات پر بھی دفتر اٹھائے پھرتے ہیں۔

ہر صنعتی ترقی یافتہ ملک کی طرح یہاں بھی صورتحال کا تجزیہ کیا گیا اور لڑائی مار کٹائی سے بھرپور منظر کے پس منظر کی تلاش کی گئی تو جنسی عدم تک انکے کل کا اثر دکھائی دیا۔ یہ تو آپ کو علم ہوگا ہی کہ یورپی خواتین میں، جنہیں ہم زمانۂ قبل از آزادی نیک بیبیاں کہا کرتے تھے، شراب نوشی کی لت بڑھ رہی ہے۔ ماہرین کے نقطۂ نظر سے بھی دیکھیں تو خواتین شراب اور تمباکو کی زیادہ مقدار استعمال کرتی ہیں۔ پھر مختلف تجربات سے یہ بھی جانا ہے کہ کوشش اور علاج سے مرد تو تمباکو نوشی ترک کرنے میں کامیاب ہو گئے جب کہ خواتین ناکام رہیں۔

سوئیاں چبھو کر علاج کرنے والے ایک ماہر نے بتایا کہ ایک شادی شدہ جوڑا میرے پاس تمباکو نوشی سے نجات حاصل کرنے آیا۔ طویل علاج کے بعد شوہر تو تمباکو نوشی چھوڑ چکا ہے مگر بی بی پر علاج کا ذرہ بھر بھی اثر نہیں ہوا بلکہ لوگوں نے اس بات کو آگے یوں کھینچا ہے کہ تمباکو کے ساتھ اب بی بی کو سوئیاں لگوانے کی عادت بھی پڑ گئی ہے۔

اب تو ماہر یہ کہتے ہیں کہ ایک تو شراب نوشی دوسرے مرد کا احترام و تقدس کا وہ بت زمانہ ہوا ٹوٹ چکا ہے جسے عورتوں نے خود بنا کر اپنے گھروں میں سجا رکھا تھا۔ ایمرجنسی ڈاکٹر صورتحال سے مکمل طور پر آگاہ ہیں۔ ان میں سے کسی ایک کو چھیڑیئے اور پھر دیکھئے کہ طلسم ہوشربا کا کون کون سا باب کھلتا ہے۔

کلون میں ایمرجنسی فرسٹ ایڈ گروہ کے سربراہ کا بیان ہے کہ بیچارا لوگوں میں جب ہاتھا پائی ہوتی ہے اور وہ ایک دوسرے کو پیٹتے ہیں تو جنس کی کوئی تخصیص نہیں رہتی، دونوں حتی المقدور دشمن کی ٹھکائی کرتے ہیں۔

پولیس کے پاس حال ہی میں ایک ایسا کیس بھی آیا جس میں بی بی نے بجائے کھانے کے شوہر کے معدے میں چھری اتار دی۔

اب پھر سوال یہ اٹھا کہ جب عورت کو ہمیشہ سے لطیف اور مستند طور پر صنفِ نازک کا خطاب دیا ہے تو پھر اس میں اتنی طاقت آگئی کہاں سے کہ وہ قوی صنف کا بھرتہ بنا کر رکھ دے۔ دانشور وں نے اس کی عقدہ کشائی یوں کی کہ مرد بیچارہ دفتروں میں اس بری طرح کام کرتا ہے اور روحانی ذہنی طور پر اتنے بھاری زخم کھاتا رہتا ہے کہ اس میں جسمانی طور پر سکت نہیں رہ گئی ہوتی۔ دوسری طرف خواتین زیادہ سے زیادہ سپورٹس کی طرف راغب ہو رہی ہیں۔ کراٹے، جوڈو اور ویٹ لفٹنگ سیکھ رہی ہیں جس سے مخالف کو ایک ہاتھ مار کر ہی چت کر دیتی ہیں۔ ڈاکٹروں اور وکلاء کا کہنا ہے کہ پٹائی کو سبب بنا کر طلاق لینے والے مردوں کی تعداد روز افزوں ہے جبکہ ماضی میں یہ کام خواتین کرتی تھیں۔

ایک شوہر صاحب روزانہ شام کو تھکے ہارے گھر لوٹتے تھے اور چاہتے تھے کہ جلد نیند کی دھوپ سے مسوف ہو کر اپنی اور دن بھر کی تکان دور کر لیں۔ مگر بی بی موصوفہ ہر گز نہیں مانتی تھی کہ وہ ہر شام باہر چلنے کا تقاضہ کرتی۔ شوہر ایک تو تھکا دوسرے باہر جانے کے جنگال رقیبوں سے ڈرتا جو اگر بیٹھنے پہ اصرار کرتا پہلے تو وہ ہم کلام ہوتے پھر تو تو میں میں، پھر جوتیاں چلیں۔ بیلنے، چمٹے، کفگیر توپ تمام ہتھیار جنگ میں استعمال ہو چکے تو شوہر گھر سے چپکے ایک دن باقاعدہ بھاگ نکلا۔

ایک نے تو روز روز کی جھک جھک سے عاجز آ کر گھر ہی جلا ڈالا کہ نہ رہے بانس اور نہ بجے بانسری۔

پولیس والوں کا کہنا ہے کہ اگر آپ کو اس قسم کی کہانیاں سنانے بیٹھیں تو کبھی ختم نہ ہوں اور یہ تعداد تو اصل واقعات کا شاید ایک ہزارواں حصہ ہے کیونکہ پٹی ہوئی بیوی تو فوراً شکایت لے کر آ جاتی ہے جبکہ مار کھایا ہوا شوہر اپنی انا کو گھر بیٹھ کر ٹکور کیا کرتا ہے۔ آخر وہ مرد ہے اور اس کی مردانگی کو ٹھیس پہنچتی ہے پولیس کے سامنے جورو کے مظالم بیان کرنے سے اسے یہ ڈر بھی ہوتا ہے کہ لوگ مضحکہ اڑائیں گے۔

بعض واردات ایسی بھی تھیں جہاں پولیس نے شوہروں کو باقاعدہ مجرم ٹھہرایا کہ مرد تھے اور بجائے دو چار کے جوابی حملے سے بیگم کی ہڈیاں توڑ دو۔

پھر یوں بھی ہوتا ہے کہ دونوں باہم دست و گریباں ہوں اور کوئی تیسرا بیچ بچاؤ کو آ جائے تو اپنی پسلیاں تڑوا بیٹھتا ہے لڑتے ہوئے میاں بیوی اس وقت یک جان دو قالب کی مانند بیچ میں آنے والے کسی بھی ثالث کو پیٹ ڈالتے ہیں۔

ماہرین کی سمجھ میں بھی نہیں آرہا کہ مظلوم کون ہے۔ شوہر یا بیوی۔

عام طور پر بیویوں کو مظلوم تصور کیا گیا ہے کیونکہ وہ اگر گھر سے نکلیں تو تنخواہ کی سلپ ان کا ساتھ دیتی ہے جبکہ شوہر گھر چھوڑ دے تو ان کا کوئی مددگار نہیں ہوتا۔


صرف اتنی سی بات ہے جس کے لئے مظلوم بیویوں کے ہم دستِ بازو بن جاتے ہیں اور جہاں وہ کبھی کبھار بچوں سمیت ان کی پناہ گزین ہوتی ہیں۔ ▲

بہنوں کی محفل

افسانہ: آشم مرزا

میلی روح

... جب مرنے نصیب پالتے۔ نہ اگر سدا الٹے جاتے تو اسے اس طرح اُبھرتے ہے کئی سے روح ابھی
... واقعہ کے ساتھ اس سے کے آگے بدلے سب ہو کر دہ جاتے ہے — آشم مرزا کا ایک زندگی کے افسانہ۔



سائرہ حنا - پیدائش دسمبر ۱۹۷۸ء
عصرت خان اور جاوید اختر خان کی دوسری صاحبزادی



پکوان

سبزیاں پراٹھے

اشیاء: تین پاؤ میدہ، آدھ پاؤ بیسن
کی نمکین سویاں جو بازار سے عام مل جاتی ہیں۔ چھ عدد ہری مرچ۔ ایک عدد پیاز ایک عدد ٹماٹر۔ سرخ مرچ اور نمک پسند کے مطابق۔ گرم مصالحہ پسا ہوا۔

ترکیب: نمکین سویاں ایک گھنٹہ پہلے بھگو دیں۔ سبز مرچ، پیاز، ٹماٹر باریک کاٹ لیں۔

سبز چائے بنائیے

اجزاء: سبز چائے اچھی قسم کی، ڈیڑھ چمچہ چائے والا چھوٹی الائچی چار عدد، نمک چینی حسب ذائقہ

ترکیب: دو کپ پانی میں چائے ڈالیں۔

چنے کا سالن

اشیاء: سفید چنے ایک سیر
پیاز تین عدد۔ لہسن ایک پوتھی۔ لال مرچ پسی ہوئی
... ہلدی ایک چائے کی چمچی۔ دھنیا پسا ہوا۔ تین
... گرم مصالحہ اور ہرا دھنیا حسب ضرورت۔

ترکیب: چنے دھو لیں پھر گرم پانی میں سوڈا ڈال کر تین چار گھنٹے کے لیے بھگو دیں۔

قہوہ بنانے کی ترکیب

(۲ پیالی قہوہ بنانے کے لئے)

اشیاء: ۲ چمچے چائے کے سبز قہوہ کی پتی، دانے چینی ... چھوٹی الائچی تین عدد ... چینی حسب پسند

ترکیب: قہوہ، دانے چینی اور الائچی چائے دانی میں ڈال دیجئے۔

پندرہ روزہ
کریسنٹ
انٹرنیشنل
ٹورنٹو کینیڈا

اَلَآ اِنَّ اَوْلِيَآءَ اللّٰهِ لَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ۝

سن رکھو کہ جو اللہ کے دوست ہیں ان کو نہ کچھ خوف ہوگا اور نہ وہ غمناک ہوں گے

سنہ ۱۹۷۱ء کے مجرم کون ہیں؟

سابق صدر یحییٰ خاں نے لندن کے ایک کثیر الاشاعت ماہنامے کو انٹرویو دیتے ہوئے سابق وزیر اعظم بھٹو، جنرل گل حسن اور اس وقت کے بحریہ کے سربراہ ایڈمرل عبدالرحیم پر الزام لگایا ہے کہ ان لوگوں نے پاکستان کو دولخت کرنے کی سازش کی تھی۔ یہ سازشی عناصر ان لوگوں نے ۱۹۷۱ء کے المیے سے پہلے اپنے دورۂ چین کے دوران پیدا کی۔ یحییٰ خاں کے بیان کے مطابق عوامی جمہوریہ چین نے صاف طور پر بتا دیا تھا کہ وہ فوجی امداد فراہم نہیں کر رہا ہے البتہ پاکستان کو اس کی اخلاقی حمایت پوری طرح حاصل ہو گی لیکن وطن واپس پہنچ کر مسٹر بھٹو نے ایک سوچی سمجھی چال کے تحت بالکل دوسرا ہی تاثر دیا۔ یحییٰ خاں نے ایڈمرل عبدالرحیم پر الزام لگاتے ہوئے کہا۔ پاکستان کا دفاعی منصوبہ جو کئی ماہ کی محنت سے تیار کیا گیا تھا ہر اعتبار سے مکمل تھا اور اس منصوبے کی تیاری میں ایڈمرل رحیم نے بھی پوری طرح حصہ لیا تھا لیکن ابتدائی کامیابی کے بعد جب بھارتی فوج نے مزید پیش قدمی کرنی چاہی تو اچانک ایڈمرل رحیم نے دفاعی تحفظ فراہم کرنے سے یہ کہہ کر معذوری ظاہر کر دی کہ بحریہ کے پاس ریڈار سسٹم نہیں ہے اور وہ بھارتی طیاروں کا پتہ نہیں چلا سکے گی۔ یحییٰ خاں نے کہا کہ دفاعی تحفظ حاصل نہ ہو سکنے کی بناء پر ہماری ساری فوجی حکمت عملی بیکار ہو کر رہ گئی۔

یحییٰ خاں ۱۹۶۹ء میں اقتدار سنبھالنے کے بعد دسمبر ۱۹۷۱ء تک برسر حکومت رہے تھے اور اس دوران جو چھوٹے بڑے سیاسی واقعات رونما ہوئے جن میں ملک کے دو نیم ہونے کا واقعہ بھی شامل ہے سربراہ مملکت ہونے کی حیثیت سے وہ ان تمام واقعات سے کم و بیش واقف بھی رہے ہیں اور ان کے ذمہ دار بھی سمجھے جاتے ہیں۔ اس اعتبار سے ان کی شہادت کو ایک بنیادی اہمیت حاصل رہی ہے اگر ۱۹۷۱ء کے المیے کے بعد ملک کا اقتدار ایسے لوگوں کے ہاتھوں میں آتا جو اس میں کسی طرح ملوث نہ رہے ہوں تو بہت پہلے سابق صدر یحییٰ خاں اور سابق وزیر اعظم بھٹو اور کئی فوجی جنرل عدالت کے کٹہرے میں کھڑے ہو کر اپنی صفائی پیش کر چکے ہوتے اور جن لوگوں پر جرم ثابت ہو چکا ہوتا وہ اب تک اپنے کیے کی سزا پا چکے ہوتے۔ لیکن یہاں اقتدار ایک ایسے شخص کے ہاتھ میں آیا جو خود پاکستان کو دولخت کرنے کا ذمہ دار سمجھا جاتا ہے۔ چنانچہ انہوں نے اس قضیے کے بہت سے اہم گواہ کو دیکھتے دیکھتے نظر بند رکھا اور آگے ظاہر ہونے کا موقع نہ دیا۔ علاوہ ازیں انہوں نے ایک تحقیقاتی کمیشن تشکیل دیا جو ۱۹۷۱ء کے المیے کے بارے میں ایک رپورٹ بھی تیار کروائی جو حمود الرحمٰن کمیشن کی رپورٹ کے نام سے مشہور ہوئی لیکن اس رپورٹ کو عوام کے مطالبے کے باوجود شائع نہ کیا۔ بعد میں اس رپورٹ کے بارے میں معلوم ہوا کہ یہ رپورٹ ۱۹۷۱ء کے اصل مجرموں کو بے نقاب کرنے میں مددگار ثابت نہیں ہو سکتی۔

طویل نظر بندی سے چھٹکارا پانے کے بعد یحییٰ خاں وقتاً فوقتاً اپنا دفاع کرتے رہے ہیں اور جن لوگوں کو انہوں نے ۱۹۷۱ء کے المیے کا ذمہ دار قرار دیا ہے ان میں مسٹر بھٹو کا نام سرفہرست رہا ہے۔

پیپلز پارٹی ہی کے دور میں ایک بار پھر جنرل نیازی نے اس الزام کا اعادہ کرتے ہوئے سازش میں شریک اس وقت کے ایک جنرل اور ایک ایڈمرل کا نام بھی لیا ہے۔ یہ تمام لوگ زندہ سلامت موجود ہیں۔ یہ صحیح ہے کہ اس بات پر کافی مدت گزر چکی ہے لیکن ۱۹۷۱ء کا المیہ ہماری تاریخ کا اتنا بڑا واقعہ ہے کہ اس پر ہمیشہ گفتگو ہوتی رہے گی اور اس پر مسلسل سوچا جاتا رہے گا اور یہ سوال پاکستانی عوام کو ہر وقت ستاتا رہے گا کہ پاکستان کو دو ٹکڑے کرنے کے ذمہ دار کون لوگ تھے اور پاکستان کو متحد رکھنے کی جو کوششیں کی جا رہی تھیں انہیں ناکام بنانے کے لئے کن لوگوں نے سازش کی تھی؟ ان سوالات کا جواب پانے کے لئے مواد کسی سرکاری دستاویز سے بھی ملنا چاہیے کیا اس کے لئے حمود الرحمٰن رپورٹ کافی ہے جب کہ اس کا مستند اور کافی ہونا زیر بحث آتا رہا ہے۔ اگر یہ رپورٹ کافی نہیں ہے تو کیوں نہ ۱۹۷۱ء کے المیے کے بارے میں مزید شہادتوں کو جمع کیا جائے اور انہیں مکمل کیا جائے۔ ۱۹۷۱ء کے المیے کے مجرموں کے چہروں پر شک و شبہے کے نقاب کا پڑے رہنا کسی طرح جائز نہیں۔ اگر یہ مجرم اب بھی پوری طرح بے نقاب ہو سکتے ہیں تو انہیں بے نقاب کرنے میں کوئی دقیقہ فروگذاشت نہ کیا جائے۔

سابق حکومت کے دور میں ۱۹۷۱ء کے المیے کو ایک بین الاقوامی سازش کا نتیجہ قرار دے کر توجہ ان لوگوں سے ہٹانے کی کوشش کی جاتی رہی جو اندر سے ملک کو متحد رکھنے کی کوششوں کو ناکام بنانے کے لئے اپنا پورا اثر و رسوخ استعمال کرتے رہے تھے اور یہ کوشش بڑی حد تک کامیاب بھی ہو گئی۔ اسی بات کا یہ نتیجہ ہے کہ آج ان لوگوں کے حوصلے بڑھے ہوئے ہیں جو ملک کے مزید ٹکڑے ہونے کی باتیں کرتے ہیں اور علی الاعلان ایسے سیاسی تجزیے پیش کرتے ہیں جن سے ملک کے کئی ٹکڑے ہونے کے امکانات اور خدشات کو تقویت ملے۔ ۱۹۷۱ء کے تلخ تجربے کے بعد اب ہمیں اس معاملے میں پوری طرح حساس ہونا چاہیے اور ان عناصر کی حوصلہ شکنی اور بیخ کنی میں کوئی دقیقہ فروگذاشت نہیں کرنا چاہیے جو پاکستان کی مزید شکست و ریخت کی باتیں کرتے ہیں یا جداگانہ قومیت کے اس نظریے کو نقصان پہنچانے کی کوشش کرتے ہیں جس کی بنیاد پر تحریک پاکستان چلائی گئی تھی اور ایک ملک حاصل کیا گیا تھا۔ پاکستان کے خلاف آج بھی اندر اور باہر سازشیں کی جا رہی ہیں اور ان سازشوں کے لئے مرکزی کرداروں کو تلاش کیا جا رہا ہے۔ ان سازشوں کو ناکام بنانے کی یہی صورت ہے کہ ملک کی تمام محب وطن سیاسی جماعتیں متحد ہو کر سیاسی استحکام پیدا کریں ورنہ ان کے اختلافات وہی نتائج سامنے لا سکتے ہیں جو ۱۹۷۱ء میں رونما ہوئے تھے اور پھر ایسے لوگ برسر اقتدار آ سکتے ہیں جو ملک کی سالمیت کے لئے خطرہ بن سکتے ہیں۔

روزنامہ جنگ سے [illegible]

پاکستان کے اندرونی معاملات میں مداخلت کی ناپاک کوشش

شمیم احمد

[illegible] پاکستان کی حیثیت [illegible] گزر [illegible] جیسی ہو کر رہ گئی ہے [illegible] ... اور بیرونی امداد پر انحصار [illegible] پاکستان [illegible] ... ایک [illegible] کی حیثیت [illegible] ... پاکستان ایک [illegible] ... حالات [illegible] ... انسانی مسئلہ کی حمایت پر نقصان اٹھا کر بھی ۳۰ سال سے عمل پیرا رہا ہے۔

مگر یہ عجیب تماشا ہے [illegible] ... پاکستان کے اندرونی معاملات میں [illegible] ... حکومت پاکستان [illegible] ... سپریم کورٹ کے فیصلے [illegible] ...

[illegible] ... اخوان المسلمین کا قتل عام پاکستان نے کبھی اپنے [illegible] ... انسانی [illegible] ... انسانیت نہیں پھڑکی [illegible] ... ایک قانونی مجرم کو انسانیت کا مسئلہ بنا کر پیش کیا جا رہا ہے۔

[illegible] ... اسلام اور جمہوریت [illegible] ... پاکستان کی حیثیت [illegible] ...

> جب ہزاروں پاکستانیوں کا خون بہایا جا رہا تھا تو کسی کی رگ انسانیت نہیں پھڑکی لیکن آج ایک قانونی مجرم کو انسانیت کا مسئلہ بنا کر پیش کیا جا رہا ہے

مارشل لاء حکومت سے [illegible] ... اپیل ایک افسوسناک [illegible] ... پاکستان کی فوجی حکومت کے خلاف [illegible] ... سپریم کورٹ کا فیصلہ [illegible] ... پاکستان کے داخلی معاملات میں [illegible] ... انسانیت [illegible] ...

[illegible] پاکستان نے خود کبھی دوسروں کے معاملات میں مداخلت [illegible] ... پاکستانی قوم کی خواہشات [illegible] ...

[illegible] ... پاکستان کی [illegible] ... قانون کو [illegible] ... انسانیت [illegible] ... عدل و انصاف [illegible] ...

نورِ بصیرت

(میاں عبدالرشید)

والدین اور اولاد

سورہ بنی اسرائیل میں فرمایا: "اور تیرے رب نے حکم دیا ہے کہ اس کے سوا کسی کی عبادت نہ کرو۔ اور والدین کے ساتھ اچھا سلوک کرو۔" (آیت ۲۳)۔ اپنی عبادت کے بعد والدین کے ساتھ حسن سلوک کو سب نیک اعمال پر ترجیح دی۔ ساتھ ہی والدین کے ساتھ حسن سلوک کی وضاحت بھی فرما دی۔ "اور اگر تیرے سامنے ان میں سے ایک یا وہ دونوں بڑھاپے کو پہنچ جائیں۔ تو انہیں اُف تک نہ کہو اور نہ انہیں جھڑکو۔ بلکہ ان کے ساتھ تعظیم سے بات کرو۔ اور ان کے لیے رحمت سے عاجزی کا بازو بچھا دے۔ نیز (ان کے لیے) دعا کرو: اے میرے رب! ان دونوں پر رحم فرما! جیسے انہوں نے مجھے چھوٹے سے کو پالا۔" (آیات ۲۳، ۲۴)۔ یہ دعا بھی بتا دی۔ تاکہ اگر کبھی سے کوتاہی ہو، تو وہ اس دعا کے ذریعہ اللہ تعالیٰ سے مدد طلب کرے۔ اور دعا ہی کے اندر اس عمل پر توفیق کے لیے محرک رکھ دیا کہ جیسے انہوں نے اس وقت جب میں ناتواں تھا، نہ چل پھر سکتا تھا، نہ بول سکتا تھا، میری خبرگیری کی تھی، اسی طرح اب میرا فرض ہے کہ ایسی حالت میں جب وہ ناتواں اور معذور ہو گئے ہیں، میں بھی ان کی خدمت کروں۔

اگلی آیت میں فرمایا: "تمہارا رب خوب جانتا ہے، جو تمہارے دلوں میں ہے۔ اگر تم نیک ہوتے، تو اللہ اپنی طرف رجوع کرنے والوں کو (ان کی کوتاہیاں) معاف فرما دیتا ہے۔" (آیت ۲۵)۔ فرما دیا کہ اگر عام طور سے تمہارا سلوک والدین کے ساتھ اچھا ہو، لیکن کبھی کبھار کوتاہی ہو جائے۔ اور اس کوتاہی کے بعد تم توبہ کر لو اور اللہ تعالیٰ سے معافی مانگ لو، تو اللہ تعالیٰ اسے معاف فرما دے گا۔

والدین کو بھی کوشش کرنی چاہیے کہ وہ اپنی جوان اولاد کے ساتھ نرمی اور تحمل کی روش اور عفو و درگزر اختیار کریں۔ ان کی مجبوریوں کا خیال رکھیں۔ کوئی بات مرضی کے خلاف ہو جائے تو بحث و تکرار میں الجھنے کی بجائے خاموشی اختیار کریں۔

مذہب اور معاشرت

مذہب کا معاشرت سے ہے رابطہ گر
دونوں جو ہوں مختلف تو آرام محال!
پہلے یہ مسئلہ سمجھ لیں احباب
پھر اس کے مدارج کا کریں دل میں خیال

(اکبر الہ آبادی)

بھارتی فوج کو ناگا حریت پسندوں کا مقابلہ کرنے کیلئے تیار رہنے کا حکم

ناگاؤں کے حملوں سے آسام کے دیہات میں بھگدڑ مچ گئی

نئی دہلی ـــــ (رائٹر) ناگا حریت پسندوں کے آسام کے دیہات پر شدید حملوں کی وجہ سے بھارتی فوج کو تیار رہنے کا حکم دے دیا گیا ہے۔ ریاست آسام کے چیف منسٹر گولاپ بوربورا نے بتایا ہے کہ ناگا حریت پسندوں کے حملوں سے آسام

سندھ کے چار سابق ارکان اسمبلی کو نااہل قرار دیدیا گیا

کراچی ـــــ (پ پ ا) ایک سرکاری اعلان کے مطابق سندھ کے چار سابق ارکان اسمبلی کو سات سال کیلئے پارلیمنٹ یا صوبائی اسمبلی کا انتخاب لڑنے کے نااہل قرار دیدیا گیا ہے۔

جلال آباد کے قریب چھاپہ ماروں نے ایک سو افغانی فوجیوں کو ہلاک کردیا

کوثر نیازی پیپلز پارٹی کے فنڈ سے حصہ وصول کرینگے

ہائیکورٹ میں مقدمہ دائر کرنے کے سلسلے میں وکلا سے مشورے

لاہور ـــــ (نمائندہ جنگ) پروگریسو پیپلز پارٹی کے چیئرمین مولانا کوثر نیازی نے بعض سینئر وکلاء کے ساتھ پیپلز پارٹی کے فنڈز کے بارے میں لاہور ہائیکورٹ میں ایک مقدمہ دائر کرنے کے بارے میں مشورہ کیا ہے۔



جاپان کے سابق وزیر کا قبول اسلام

۳۹ ملکوں کے سات ہزار مندوبین کا اجتماع

کراچی ـــــ ایک رپورٹ کے مطابق جاپان میں سات ہزار جاپانی مسلمانوں نے اسلامی یکجہتی کے ایک جلسے میں شرکت کی۔



جوش پر پابندی کی مذمت

کراچی ـــــ تقریباً پچاس اہل قلم شاعروں اور صحافیوں نے سرکاری ذرائع ابلاغ کی جانب سے جوش ملیح آبادی کو بلیک لسٹ کئے جانے پر احتجاج کیا ہے۔

لندن میں پاکستانی سفارتخانے کے باہر مظاہرہ



تمغۂ عمر شیخ برائے ۱۹۷۸ء الطاف حسن قریشی کو دیا گیا

لندن ـــــ عمر شیخ فاؤنڈیشن لندن کی مجلس عاملہ نے تمغۂ عمر شیخ برائے ۱۹۷۸ء ماہنامہ "اردو ڈائجسٹ" اور ہفت روزہ "زندگی" لاہور کے مدیر جناب الطاف حسن قریشی کو دینے کا فیصلہ کیا ہے۔ مجلس عاملہ کے اس خصوصی اجلاس میں فاؤنڈیشن کے سرپرست جناب مولانا اسعد القادری اور صدر مؤتمر عالم اسلامی پاکستان مولانا سید حسن مثنیٰ ندوی نے بھی شرکت کی۔ تمغۂ عمر شیخ ہر سال اسلام اور نظریۂ پاکستان کی نمایاں طور پر خدمت کرنے والے صحافی کو دیا جاتا ہے۔ اب تک یہ تمغے مسز زبیدہ سیفری، جناب عبدالکریم عابد اور جناب صلاح الدین ایڈیٹر جسارت، کراچی کو دیئے جاچکے ہیں۔

حکومت میں شمولیت کی پہلی پیشکش نیشنل ڈیموکریٹک پارٹی کو دی گئی تھی

قومی اتحاد اپنے اصولوں سے منحرف ہوگیا ہے: بیگم ولی خان کا انٹرویو

راولپنڈی ـــــ نیشنل ڈیموکریٹک پارٹی کی نائب صدر بیگم نسیم ولی خان نے کہا ہے کہ ان کی جماعت اپنے موقف پر قائم ہے۔

بھٹو کمزور ہوگئے ہیں اور ان کا وزن مزید کم ہوگیا ہے

خصوصی میڈیکل بورڈ نے معائنہ کیا
خاصی تعداد میں ادویات تجویز کردی گئیں

پاکستان میں غیر ترقیاتی اخراجات میں کمی

دفاعی اخراجات ۵ فیصد کم کردیئے جائینگے

بھٹو نے مشرقی پاکستان کی علیحدگی کی سازش تیار کی تھی

سازش میں جنرل گل حسن اور ایئر مارشل عبدالرحیم بھی شامل تھے

ایئر مارشل رحیم نے بھٹو کے اشارے پر بری فوج کو فضائی معاونت فراہم کرنے سے انکار کر دیا تھا

بھٹو نے دورۂ چین سے واپس آکر جھوٹ بولا تھا۔ سابق صدر یحییٰ خان کا انٹرویو



یحییٰ خان اپنے نواسے حسین کے ساتھ

راولپنڈی ۔۔۔۔۔۔ آپ ان کے سابق صدر جنرل یحییٰ خان نے کہا ہے کہ سابق وزیر اعظم ذوالفقار علی بھٹو نے بری فوج کے چیف آف اسٹاف جنرل گل حسن اور فضائیہ کے سربراہ ایئر مارشل عبدالرحیم کے ساتھ مل کر مشرقی پاکستان کی علیحدگی کی سازش کی تھی۔ انہوں نے کہا کہ یہ سازش سانحہ مشرقی پاکستان سے قبل ان تینوں کے دورۂ چین کے دوران تیار کی گئی تھی۔ جنرل یحییٰ خان نے "اردو ڈائجسٹ" کے جنوری کے شمارے کے لیے انٹرویو دیتے ہوئے کہا کہ چینیوں نے انہیں بتایا تھا کہ ان کی طرف سے فوجی معاونت نہیں ہوگی مگر اخلاقی حمایت جاری رہے گی۔ چینی حکام نے مسٹر بھٹو کو یہی بات بتائی ہوگی مگر مسٹر بھٹو نے واپس آکر انہیں اس کے برعکس تاثر دیا اور یہ ان کی ایک خطرناک چال تھی۔ جنرل یحییٰ خان نے کہا کہ جنگ کا پلان ہر لحاظ سے بہترین تھا اور یہ کئی ماہ کی محنت سے اور مشقوں کے بعد تیار کیا گیا تھا۔ جنگ کی منصوبہ بندی میں ایئر مارشل رحیم بھی پوری طرح شریک تھے۔ جنرل یحییٰ نے کہا کہ ابتدائی کامیابیوں کے بعد جب ... [illegible]

دوستی کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ کچھ جرنیلوں کے ساتھ ان کی دوستی تھی اور وہ ان کے ساتھ شراب پیتے تھے اور یہ کوئی راز نہیں۔ جنرل پیرزادہ سے ان کی گہری دوستی تھی اور جنرل حمید اور ایئر مارشل رحیم سے بھی اچھے تعلقات تھے۔ جنگ کے دوران جاری ہونے والے احکامات کے بارے میں انہوں نے کہا کہ یہ احکامات چیف آف اسٹاف جنرل گل حسن کے توسط سے جاری ہوتے تھے اور ممکن ہے کہ انہوں نے کچھ احکامات اپنے پلان کے تحت جاری کیے ہوں۔ انہوں نے اس بات کو غلط قرار دیا کہ جنرل حمید چیف آف جنرل اسٹاف کے طور پر جنرل گل حسن کے تقرر کے خلاف تھے۔ انہوں نے اس سوال کا جواب بھی نفی میں دیا کہ کیا مشرقی کمان کو یہ تاثر دیا گیا تھا کہ شمال سے "زرد فوج" اور جنوب سے "سفید فوج" مدد کو آ رہی ہے۔ جنرل یحییٰ نے کہا کہ جب بھارت نے تمام محاذوں پر وسیع پیمانے پر جارحیت کی تھی اس لیے وہ شروع سے ہی مایوس تھے۔ سابق صدر جنرل یحییٰ خان نے کہا ... [illegible]

... [illegible] انتخابات کے بعد قومی اسمبلی کے اجلاس کے التوا کے بارے میں ایک سوال کے جواب میں جنرل یحییٰ نے کہا ... [illegible]

جنرل یحییٰ خان نے سقوط ڈھاکہ سے قبل اقوام متحدہ میں مسٹر بھٹو کے کردار پر روشنی ڈالتے ہوئے کہا کہ ... [illegible]

... [illegible] میری حکومت ساتھ ہیں

تحریک استقلال اور جمعیت علمائے پاکستان اسلامی نظام کے نفاذ میں رکاوٹ نہیں ہیں

صدر ضیاء اچھے مسلمان ہیں مگر خوشامدیوں میں گھرے ہوئے ہیں : اصغر خان

... [illegible] تحریک استقلال کے سربراہ ایئر مارشل (ریٹائرڈ) اصغر خان نے کہا ہے کہ پاکستان ایک نظریہ کی بنیاد پر معرض وجود میں آیا تھا اور وہ اسی نظریے کی بنیاد پر مضبوط ہو سکتا ہے۔ اپنی پارٹی کے کارکنوں سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ مغربی نظام پاکستان کے لیے موزوں نہیں۔ انہوں نے اس خدشے کا اظہار کیا کہ جس طرح اسلام کو سیاسی مقاصد کے لیے استعمال کیا گیا ہے خطرہ ہے کہ لوگ اور خاص طور پر نئی نسل مذہب سے ہی بدظن نہ ہو جائے۔ اسلام محض تحریرات کا ہی نام نہیں بلکہ وہ زندگی کے تمام شعبوں پر محیط ہے۔ اب لوگوں کو اسلام کے نام پر بیوقوف بنانے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔ انہوں نے کہا یہ کہنا غلط ہے کہ تحریک استقلال اور جمعیت علمائے پاکستان ملک میں اسلامی نظام کے نفاذ میں رکاوٹ بن رہی ہیں۔ مسٹر اصغر خان نے کہا کہ صدر جنرل ضیاء الحق ایک اچھے مسلمان ہیں مگر وہ خوشامدیوں میں گھرے ہوئے ہیں۔ ایک وزیر پر تنقید کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ صدر ضیاء کو اپنا روحانی پیشوا کہہ کر وہ خوشامد کی ہے ... انہوں نے کہا کہ صدر ضیاء کو ایسے خوشامدیوں سے ہوشیار رہنا چاہیے اور انتخابات کرانے کے بعد اقتدار عوام کے نمائندوں کو منتقل کر دینا چاہیے۔ سمندری میں تقریر کرتے ہوئے ... [illegible] ... اس نظام میں تبدیلی چاہتی ہے۔

امسال جون میں انتخابات کرانا ممکن نہیں: چیف الیکشن کمشنر

لاہور ۔۔۔۔۔۔ (نمائندہ جنگ) چیف الیکشن کمشنر جسٹس مولوی مشتاق حسین نے کہا ہے کہ الیکشن کمیشن جون کے پہلے ہفتے میں تو نہیں تاہم سن ۱۹۷۹ء کے دوران انتخابات کرانے کی پوزیشن میں ہوگا۔ جب ان کی توجہ جمعیت العلماء پاکستان کے صدر مولانا شاہ احمد نورانی کے اس مطالبے کی جانب مبذول کرائی گئی کہ عام انتخابات جون کے پہلے ہفتے میں ہوں تاکہ نئی بجٹ منتخب اسمبلی منظور کر سکے تو جسٹس مشتاق حسین نے کہا کہ جداگانہ طریق انتخاب کی بنیاد پر حلقوں کی از سر نو حد بندی اور نئی انتخابی فہرستوں کی تیاری کے پیش نظر جون میں انتخابات کرانا ممکن نہیں۔ چیف الیکشن کمشنر نے انتخابات کی حتمی تاریخ بتانے سے انکار کیا اور کہا کہ الیکشن کمیشن کا کام انتخابی پروگرام تیار کر کے صدر کو پیش کرنا ہے۔ صدر کی منظوری کے بغیر کوئی تاریخ نہیں بتائی جا سکتی۔ جب ان سے پوچھا گیا کہ آیا انتخابات کرانے کے لیے عدلیہ کے حکام کافی تعداد میں موجود ہیں تو انہوں نے نفی میں جواب دیا اور کہا کہ چند سطحوں پر ہمیں فوجی حکام کی مدد لینا پڑے گی۔ ان سے یہ سوال بھی کیا گیا کہ آیا کمیشن انتظامیہ کے حکام کی مدد حاصل کرے گا تو انہوں نے کہا کہ جہاں تک ممکن ہوگا ہم اس سے گریز کی کوشش کریں گے۔ ان سے اس مطالبے پر ان کا رد عمل معلوم کیا گیا کہ سیاسی رہنماؤں کو انتخابات سے کم از کم تین ماہ قبل مستعفی ہو جانا چاہیے تو انہوں نے کہا کہ یہ خالصتاً سیاسی مسئلہ ہے۔


ٹیوب ویلوں پر میٹر کی بجائے کرائے کی شرح کا مساوی نظام جلد رائج کیا جائیگا

مروجہ معاشی نظام کو بتدریج ختم کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے : انصاری

جھنگ ۔۔۔۔۔۔ (نمائندہ خصوصی) وفاقی وزیر پیداوار اقتدار احمد انصاری نے کہا ہے کہ معاشرتی برائیاں اور غربت جن کی جڑیں دور تک پھیلی ہوئی ہیں کا منبع سود ہے یہی سبب ہے کہ موجودہ حکومت نے اسے ختم کرنے کا فیصلہ کیا ہے تاہم مروجہ معاشی نظام میں حائل رکاوٹوں کو بتدریج بدل کر یہ مقصد یقیناً حاصل کیا جائے گا۔ وہ آج جھنگ شہر میں اتحاد کے کارکنوں کے ایک بڑے اجتماع سے خطاب کر رہے تھے۔ انہوں نے کہا کہ دیہات میں ٹیوب ویلوں پر میٹر کی بجائے کرائے کی شرح کا مساوی نظام جلد رائج کیا جا رہا ہے ... [illegible] ... حکومت پر کڑی تنقید کی اور کہا کہ بھٹو نے پوری قوم کو کالونی بنا دیا ... [illegible] ... اور انہیں محنت اور غیر جانبداری سے کام کرنا چاہیے۔

کیبنٹ سیکرٹریٹ میں خواتین کا ڈویژن

راولپنڈی ۔۔۔۔۔۔ صدر پاکستان نے حکم دیا ہے کہ کیبنٹ سیکرٹریٹ میں خواتین کا الگ ڈویژن قائم کیا جائے یہ ڈویژن فوری طور پر قائم کر دیا گیا ہے۔





بی۔ اے کے رزلٹ میں طالبات کی کارکردگی طلبا سے بہتر رہی ۔۔۔!

پٹرول کی قیمتوں میں اضافہ کر دیا گیا

اوسطاً ۵ اسے ۶ پیسے فی لیٹر اضافہ ہوا ہے

پاکستان کو تیل کی درآمد پر ۹ کروڑ ڈالر سالانہ زیادہ خرچ کرنے پڑیں گے

عالمی قیمتوں میں اضافے کے باعث موجودہ قیمتوں پر نظر ثانی ناگزیر تھی: غلام اسحاق خان

اسلام آباد ۔۔۔۔ (اے پی پی) حکومت پاکستان نے پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں پر نظر ثانی کرکے ان میں فوری طور پر اضافہ کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ یہ فیصلہ تیل پیدا کرنے والے ممالک کی تنظیم (اوپیک) کی طرف سے پٹرولیم کی قیمتوں میں تقریباً ۱۵ فیصد اضافے کے پیش نظر کیا گیا ہے۔ [illegible]

نظر ثانی شدہ قیمتیں

مصنوعات	پہلی شرح	نئی شرح
موٹر گیسولین	۳.۰۰ روپے	۳.۶۲ روپے
ایچ او بی سی	۳.۶۹۰	۳.۶۰۰
مٹی کا تیل	۰.۹۴۴	۱.۰۰
ایچ ایس ڈی	۱.۳۴۰	۱.۶۵۱
لائٹ ڈیزل آئل	۰.۶۹۰	۱.۰۰۲
ایوی ایشن ۱۰۰ گیسولین	۲.۹۹۴	۳.۶۰۰
جے پی (ایک)	۱.۰۵۹	۱.۶۶۳
جے پی (چار)	۰.۹۹۸	۱.۰۱۹
ایوی ایشن ۱۰۰/۱۳۰	۲.۹۹۶	۳.۶۱۲
فرنیس آئل	۰.۰۰ فی میٹرک ٹن	[illegible] فی میٹرک ٹن
اسفالٹ	۱۰۲۸.۷۶	۱۵۰۰.۰۰ فی میٹرک ٹن
بیس آئل	۰.۲۴۸ (اوسط قیمت)	۰.۲۹۴ (اوسط قیمت)

غیر قانونی ہڑتال کرنے پر قید اور کوڑوں کی سزا

کراچی ۔۔۔۔ (اسٹاف رپورٹر) سمری فوجی عدالت نے روہڑی سیمنٹ فیکٹری کے ۳۰ کارکنوں کو غیر قانونی ہڑتال اور ہنگامہ کرنے پر مارشل لاء کے ضابطہ ۵ کے تحت کوڑوں اور قید کی سزا سنائی۔ پانچ افراد کو ایک ایک سال قید با مشقت اور پندرہ کوڑوں کی سزا [illegible] ۔ پولیس نے گذشتہ ہفتے روہڑی سیمنٹ فیکٹری کے ۳۰ مزدوروں کو گرفتار کیا تھا۔


منظور علی خان کو ضمانت پر رہا کرنے کا حکم

عدالت عالیہ نے حسین نقی کی درخواست مسترد کر دی

لاہور ۔۔۔۔ [illegible]

پاکستان میں انٹرنیشنل ڈائریکٹ ڈائلنگ

اسلام آباد ۔۔۔۔ [illegible]



دس برس قبل اغوا ہونے والا لڑکا مل گیا

اب وہ گونگا اور بہرہ ہو چکا ہے

راولپنڈی ۔۔۔۔ (اے پی پی) ایک بچہ جو لاہور میں دس سال قبل [illegible]

بلوچستان میں گڑبڑ سے روس کو فائدہ پہنچے گا: ٹائم

پاکستانی حکومت بلوچستان کو خود مختاری اور زیادہ ترقیاتی فنڈ دینے پر راضی ہو سکتی ہے

نیویارک ۔۔۔۔ امریکی جریدہ ٹائم نے اپنے تازہ شمارے میں افغانستان اور بلوچستان کے بارے میں ایک مضمون شائع کیا ہے [illegible]

بھارت خفیہ طور پر ایٹمی اسلحہ تیار کرنے میں مصروف ہے

[illegible]

کرشن گڑھ کے کشمیری لوگوں میں بھارت فوج کے خلاف ناراضگی اور نفرت بڑھ رہی ہے

[illegible]

کویت پاکستان کے طویل المیعاد ترقیاتی منصوبوں کے لیے سرمایہ فراہم کرے گا

مجوزہ منصوبوں میں تربیلا، ٹرانسپورٹ، تیل اور گیس کے منصوبے بھی شامل ہیں۔

کویت فنڈ کی سرمایہ کاری کے بارے میں پاکستان سے کئی امکانات پر بات چیت ہوئی: یوسف الحماد

اسلام آباد۔۔۔۔۔ عربوں کی اقتصادی ترقی کے کویت فنڈ کے ڈائریکٹر جنرل مسٹر عبداللطیف یوسف الحماد نے کہا ہے کہ پاکستان کے ساتھ طویل المدت اقتصادی تعاون کے سلسلے میں کویت پاکستان میں کئی منصوبوں میں سرمایہ لگانے پر غور کر رہا ہے۔ اپنے چار روزہ دورے کے اختتام پر اسلام آباد سے دوبئی روانہ ہونے سے قبل ہوائی اڈہ پر اخبار نویسوں سے بات چیت کرتے ہوئے مسٹر الحماد نے کہا کہ اپنے قیام کے دوران انہوں نے پاکستانی حکام سے کویت فنڈ کی سرمایہ کاری کے کئی امکانات پر تبادلہ خیال کیا۔ وہ صدر جنرل ضیاء الحق کی دعوت پر پاکستان آئے تھے۔ میرے دورے کا مقصد ان ترقیاتی منصوبوں کا جائزہ لینا تھا جن کو پاکستان مستقبل قریب میں عملی جامہ پہنانے کا خواہشمند ہے۔ پاکستانی حکام سے میرا رابطہ بہت مفید رہا ہے۔ پاکستان کے ساتھ کویت فنڈ کے تعلقات ایک دو منصوبوں تک محدود نہیں بلکہ ان کا دائرہ بہت وسیع ہے۔ مسٹر الحماد نے کہا کہ جن منصوبوں میں کویت فنڈ کی سرمایہ کاری کے امکانات پر تبادلہ خیال کیا گیا ان میں تربیلا ڈیم کی مرمت کا منصوبہ بھی شامل ہے اس کے علاوہ ٹرانسپورٹ، تیل اور گیس کے ترقیاتی منصوبے بھی شامل ہیں۔ سرکاری ذریعوں کے مطابق کویت فنڈ نے پاکستان کے منصوبوں میں سرمایہ کاری کے لئے ۸ کروڑ ڈالر کا وعدہ کیا ہے۔ اس میں دو کروڑ پچاس لاکھ ڈالر بجلی کے لئے چار کروڑ ڈالر گدو کراچی پاور گرڈ کی تعمیر کے لئے اور ایک کروڑ دس لاکھ ڈالر تربیلا ڈیم کی مرمت کے لئے ہے۔ اس میں سے کچھ رقم امداد کی صورت میں دی جائے گی۔ اگلے چند روز میں تربیلا کی مرمت کا مجوزہ مکمل ہو جائے گا۔ پاکستان جزی کھوٹہ سڑک کی تعمیر اور ریلوے کے لئے ڈیزل انجنوں کی خریداری کے لئے کویت فنڈ سے امداد حاصل کرنے کی کوشش کر رہا ہے۔

آزاد کشمیر میں نماز کو لازمی قرار دے دیا گیا

شریعت بنچوں کی تشکیل کی جا رہی ہے
اسلامی نظام قائم کرنے کیلئے اہم اقدامات کیے جا رہے ہیں: بریگیڈیئر محمد حیات

مظفر آباد۔۔۔۔۔ (ڈیلی جنگ رپورٹ) آزاد کشمیر کے صدر بریگیڈیئر محمد حیات نے باغ میں پاکستان ٹیلیویژن کو ایک انٹرویو کے دوران بتایا ہے کہ آزاد کشمیر میں اسلامی نظام قائم کرنے کے لئے اہم اقدامات کئے جا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا شریعت بنچوں کی تشکیل کی جا رہی ہے اور آزاد کشمیر میں نماز کو لازمی قرار دے دیا گیا ہے۔ انہوں نے کہا اسلامی نظریاتی کونسل نے متعدد سفارشات مکمل کر لی ہیں اور قوانین کو شریعت کے مطابق بنانے کا کام جاری ہے ایسے تمام مروجہ قوانین کالعدم قرار دے دیئے جائیں گے جو قرآن اور سنت کے منافی ہوں گے۔

آئندہ عام انتخابات کی تاریخ کا عنقریب اعلان کر دیا جائیگا

مسلم لیگ کے انتشار کی وجہ سے اتحاد کے سربراہوں کا اجلاس نہیں بلایا گیا

انتشار ختم نہ ہوا تو مسلم لیگ کے کسی ایک گروپ کو اتحاد کا رکن مان لیا جائے گا: مفتی محمود

اسلام آباد۔۔۔۔۔ قومی اتحاد کے سربراہ مولانا مفتی محمود نے بتایا ہے کہ ملک میں آئندہ عام انتخابات کی تاریخ کا بہت جلد اعلان کر دیا جائے گا۔ مفتی محمود نے وفاقی وزیر صحت میر محمد صادق کھوسو کی رہائش گاہ پر اخبار نویسوں سے بات چیت کے دوران بتایا کہ انہوں نے گذشتہ شب صدر جنرل ضیاء کے ساتھ ملاقات کے دوران بیشتر قومی مسائل اور بین الاقوامی حالات پر بات چیت کی۔ انہوں نے کہا کہ صدر جنرل ضیاء نے وزراء کی کارکردگی پر اطمینان کا اظہار کیا اور ہم نے فیصلہ کیا ہے کہ قومی اتحاد حکومت سے تعاون جاری رکھے گا۔ انہوں نے بتایا کہ بیوروکریسی سے لوگوں کو جو شکایت ہے اس پر بھی بات چیت ہوئی اور ان شکایات کا صوبائی اور ضلعی سطح پر ازالہ کرنے کے امکانات کا جائزہ لیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ اگر مارشل لاء حکومت کے ساتھ ان شکایات کو دور کرنے میں قومی اتحاد کو کوئی مشکلات پیش آئیں تو معاملے کو مذاکرات کے ذریعے طے کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ عوام کو جو مشکلات پیش آ رہی ہیں اپنی دیانتداری سے دور کرنے کا یہی طریقہ ہے کہ حکام اور قومی اتحاد کے درمیان بہتر تعاون ہو۔ انہوں نے بتایا کہ ڈھائی گھنٹے کی بات چیت کے دوران قومی اتحاد کے وفد نے صدر جنرل ضیاء کو بتایا ہے کہ خارجہ پالیسی تیار کرتے ہوئے قومی اتحاد سے مشورہ لیا جائے۔ انہوں نے توقع ظاہر کی کہ اسلام آباد میں عنقریب ایک اجلاس ہوگا جس میں پی این اے کے نمائندے اور سرکاری افسران خارجہ پالیسی پر بات چیت کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ قومی اتحاد کے خیال میں پاکستان کو اپنے تمام پڑوسی ممالک کے ساتھ دوستانہ تعلقات قائم کرنے چاہئیں۔

بھارت اور مقبوضہ کشمیر میں سیاسی نظربندوں پر انسانیت سوز تشدد کیا جاتا ہے

ایمنسٹی انٹرنیشنل کا الزام۔ امتناعی نظربندی اور سزائے موت کے خاتمہ کا مطالبہ

لندن، ۱۴ جنوری۔۔۔۔۔ ایمنسٹی انٹرنیشنل نے الزام لگایا ہے کہ بھارت اور مقبوضہ کشمیر کی جیلوں میں سیاسی نظربندوں پر تشدد کیا جاتا ہے جو حقوق انسانی کی سنگین خلاف ورزی ہے۔ بھارت اور مقبوضہ کشمیر کی جیلوں میں سیاسی نظربندوں پر تشدد، اذیت اور ان کی ہلاکت کے بارے میں ایمنسٹی انٹرنیشنل نے آج ۸۰ صفحات پر مشتمل ایک رپورٹ شائع کی ہے جو انسانی حقوق سے یورپی کمیشن کے صدر پروفیسر جیمز فاسٹ کی سرکردگی میں بھارت کے مشن کی رپورٹ پر مبنی ہے۔ اس رپورٹ میں بھارت پر زور دیا گیا ہے کہ وہ اپنے آئین میں سے امتناعی نظربندی کے اختیارات منسوخ کرے اور صوبائی حکومتوں کو امتناعی نظربندی کے موجودہ قوانین کو منسوخ کرنے کی ہدایت کرنے کے ساتھ موت کی سزا ختم کرے۔ ایمنسٹی انٹرنیشنل نے کہا ہے کہ بھارت اور مقبوضہ کشمیر میں امتناعی نظربندی کا وہ طریقہ کار رائج ہے جو انگریزوں نے نوآبادیاتی نظام کے دوران رائج کیا تھا۔ رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ اسی طریقہ کار کے تحت اندرا گاندھی کے ہنگامی دور کے دوران چالیس ہزار سے لے کر ایک لاکھ سیاسی نظربندوں کو قید کیا گیا تھا۔ رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ بھارت میں اس وقت بھی ایک ہزار سیاسی نظربند ہیں جو زیادہ تر بائیں بازو کے گروپ نکسلائٹ سے تعلق رکھتے ہیں ان میں سے بیشتر افراد گذشتہ چھ سال سے بغیر کسی مقدمہ کے نظربند ہیں۔ رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ ساٹھ کے عشرے سے مقبوضہ کشمیر کی جیلوں میں سیاسی نظربندوں پر اذیت کی خبریں مل رہی ہیں۔ ایمنسٹی انٹرنیشنل کے مشن نے اپنے دورہ بھارت کے دوران سات ایسے نظربندوں سے ملاقات کی جو جیلوں میں اذیت کا شکار ہوئے ہیں۔ رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ جیلوں میں نظربندوں کو لاٹھیوں اور بندوقوں کے کندوں سے مارا جاتا ہے، سگریٹوں سے جسم جلائے جاتے ہیں اور خواتین کے ساتھ زنا اور انہیں طویل عرصہ تک الٹا لٹکا کر اذیت پہنچائی جاتی ہے۔ رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ گذشتہ دس سال کے دوران جیلوں میں سیاسی نظربندوں کی ہلاکت کی بھی خبریں ملی ہیں جن کے بارے میں پولیس یہ کہتی ہے کہ انہیں جیل سے فرار ہوتے ہوئے پولیس کے ساتھ جھڑپ کے دوران ہلاک کیا گیا۔

پاکستان کے سونے کے ذخائر ۵ ارب روپے تک بڑھ گئے

زرمبادلہ کے ذخائر میں ۶ کروڑ ۸۰ لاکھ روپے کا اضافہ ہو

پاکستان کی مالی حالت کے بارے میں وائس آف امریکہ کی رپورٹ غلط ہے



غلام اسحٰق خان

راولپنڈی۔۔۔۔۔ (نمائندہ جنگ) وفاقی وزیر خزانہ غلام اسحاق خان نے کہا ہے کہ پاکستان کی زرمبادلہ کی پوزیشن نہایت مستحکم ہے اور وائس آف امریکہ کی اس رپورٹ میں کوئی حقیقت نہیں کہ پاکستان قرضوں کا سود بھی ادا نہیں کر سکے گا۔ انہوں نے اخبار نویسوں سے خطاب کرتے ہوئے ان اعداد و شمار کا حوالہ دیا جو اسٹیٹ بینک نے جاری کئے ہیں اور جن میں ملک کے خارجی وسائل زر کی تفصیل بیان کی گئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ بینک نے ۱۳ تاریخ کو جو بیان جاری کیا ہے اس سے ثابت ہوتا ہے کہ ملک کے زرمبادلہ کے ذخائر میں اضافہ ہوا ہے اور ان ذخائر میں چھ کروڑ اسی لاکھ روپے کا اضافہ ہوا ہے اور اب یہ ذخائر ۲ ارب ۹۰ کروڑ ۷۰ لاکھ روپے ہو گئے ہیں۔ پاکستان سے باہر اثاثوں میں ۲ کروڑ ۴۳ لاکھ روپے کا اضافہ ہوا اور وہ اب ساٹھ کروڑ ۴۰ لاکھ روپے ہو گئے ہیں۔ اس طرح مجموعی طور پر پاکستان کے زرمبادلہ کے ذخائر میں ۵ ۳ کروڑ ۹۷ لاکھ روپے کا اضافہ ہوا۔ وزیر موصوف نے کہا جہاں تک سونے کے ذخائر کا تعلق ہے وہ ۳ ارب ۷۹ کروڑ روپے سے بڑھ کر ۵ ارب ۴ کروڑ ۲۰ لاکھ روپے ہو گئے ہیں۔ اس طرح منظور شدہ زرمبادلہ کے ڈپازٹ اور غیر ممالک میں نقد اور دوسرے اثاثے بڑھ کر ساڑھے ۹ کروڑ روپے بڑھ گئے ہیں اور مجموعی طور پر ۲۵ کروڑ ۹۰ لاکھ روپے ہو گئے ہیں۔ وزیر خزانہ نے زرمبادلہ کے اثاثوں کے بارے میں وہ پوزیشن بیان کی جو موجودہ حکومت کے برسر اقتدار آنے کے وقت تھی۔ انہوں نے بتایا کہ ۳۰ جون ۱۹۷۷ کو یعنی گذشتہ حکومت کے خاتمے سے صرف پانچ روز قبل ملک کے زرمبادلہ کے سونے کے علاوہ ذخائر صرف ۱۳ کروڑ ۵۰ لاکھ ڈالر تھے۔ ۱۹۷۷-۷۸ کے مالی سال میں خارجی ذخائر میں ۳۳ کروڑ دس لاکھ ڈالر تک اضافہ ہوا۔ ۳۰ جون ۱۹۷۸ کو خارجی ذخائر ۴۶ کروڑ ۲۰ لاکھ ڈالر ہو گئے۔

صرافہ

کراچی ۱۴ جنوری سنہ ۱۹۷۹ء

سونا تیزابی { ۸۰۰ روپے ۵۰ پیسے فی دس گرام

چاندی ہینڈل { ۵ ۸۸ روپے ۵۰ پیسے فی کلوگرام

وی سی آر نے قیامت برپا کر رکھی ہے!

شوکت حسین ناظمی

کراچی میں ہندوستانی فلموں کے روزانہ ڈو شو!

سننے میں آیا ہے کہ پاکستان میں وی سی آر کی درآمد پر کلی طور پر پابندی عائد کر دی جائے یا پھر ملک بھر میں بھارتی اور فحش فلموں کی نمائش کی مکمل اجازت دے دی جائے۔ اس اقدام کی ضرورت یوں محسوس کی جا رہی ہے کہ یہ بھی عوام کی ایک بڑی اکثریت اور ملک کی بڑی اکثریت اور ملک کی فلمی صنعت خاص طور پر سینما مالکان کے لئے ایک بڑا مسئلہ ہے۔ گزشتہ چند ماہ سے یہ بھی طور پر فحش فلموں اور بھارت کی ایسی فلموں کی نمائش زور و شور سے جاری ہے جو ماضی میں قانونی طور پر درآمد کی گئی تھیں یا پھر ماضی قریب میں غیر قانونی طور پر اسمگل کر کے لائی گئی ہیں۔ کراچی شہر اور مضافات میں وی سی آر کی اتنی بڑی تعداد موجود ہے کہ شہر کے ہر حصے میں یہ شو منعقد ہو رہے ہیں۔ جس کے ذریعے فحش اور عریاں فلموں کی نمائش کی جاتی ہے۔ اس کے لئے فی کس تیس یا چالیس روپے وصول کئے جاتے ہیں۔ بھارت کی پرانی فلموں کے لئے دس یا بیس روپے اور نئی فلموں کے بیس یا تیس روپے فی کس وصول کئے جاتے ہیں۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ فحش فلموں اور بھارت کی غیر قانونی فلموں کی وجہ سے ایک طرف قانون کی خلاف ورزی کا سلسلہ بڑے پیمانے پر جاری ہے اور دوسری طرف اس کی وجہ سے نوجوان ذہنوں پر انتہائی مضر اثرات مرتب ہو رہے ہیں۔

سینما مالکان کی ایسوسی ایشن کا کہنا ہے کہ وی سی آر کی وجہ سے ان کا کاروبار بری طرح متاثر ہوا ہے۔ ان حالات کے تحت مسئلہ پیدا ہوتا ہے کہ ایسے کیا اقدامات کئے جا سکتے ہیں جن سے قانون کی خلاف ورزی کے سدباب کے ساتھ ساتھ شہریوں اور سینما مالکان کی شکایات کا تدارک بھی ہو سکے۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ یہ ایک سنگین مسئلہ ہے اور اس کا فوری تدارک بھی ضروری ہے۔

فلم ایکسپورٹ، امپورٹ اور لائبریری کے ایک ممتاز رہنما جناب شوکت حسین ناظمی نے اس سلسلے میں بتایا کہ وی سی آر کے ذریعے غیر قانونی طور پر فلموں کی نمائش میں اضافہ اس وقت ہوا جب ہنگاموں اور کرفیو کی وجہ سے سینما بند ہو گئے وقت گزاری کے لئے لوگوں کو بہرحال کوئی نہ کوئی مشغلہ چاہئے تھا۔ وی سی آر کے مالکان نے اس سے فائدہ اٹھایا۔ اس کے علاوہ متعدد ایسے افراد نے بھی وی سی آر خرید لئے جو کاروباری اغراض کے لئے انہیں استعمال کرنا چاہتے تھے اور انہوں نے خفیہ طور پر ایسی بھارتی فلمیں بھی حاصل کر لیں جو ماضی میں قانونی طور پر درآمد کی گئی تھیں۔ اس کے علاوہ انہوں نے نئی بھارتی اور فحش فلمیں بھی خرید لیں۔ اس طرح انہوں نے باقاعدہ کاروبار شروع کر دیا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ اس غیر قانونی کاروبار کی وجہ سے سینما مالکان کو تقریباً ۵۰ فیصد آمدنی کا نقصان اٹھانا پڑ رہا ہے۔ انہوں نے اس سلسلے میں تجویز پیش کی کہ ملک میں جو پرانی بھارتی فلمیں موجود ہیں ان کی نمائش کے ساتھ ساتھ نئی بھارتی فلموں کی درآمد کی اجازت دی جائے۔ اس سلسلے میں انہوں نے مزید کہا کہ پاکستان میں تیار کی جانے والی فلمیں ملک کے سینماؤں کے لئے ناکافی ہیں۔ اس کے علاوہ گزشتہ پندرہ سال سے بھارتی فلموں کی درآمد بند ہے۔ پاکستانی فلم سازوں کی کل اجارہ داری ہے بھارتی فلموں پر پابندی کا مقصد یہ تھا کہ ہماری فلموں کا معیار بہتر ہو سکے۔ لیکن ہمارے فلم سازوں نے اس کا کوئی فائدہ نہیں اٹھایا بلکہ اس کے برعکس ہمارے ہاں بھارتی فلموں کی پوری طرح نقل کی گئی۔ اس لیے اب بھارتی فلموں کی پابندی کا کوئی فائدہ نہیں ہے۔ ویسے بھی ہمارے یہاں انگریزی فلمیں درآمد کی جاتی ہیں۔ اگر بھارتی فلمیں درآمد کی جائیں تو اس میں کیا حرج ہے۔ جہاں تک فحش فلموں کا تعلق ہے ان کی اسمگلنگ اور غیر قانونی درآمد کی سختی سے روک تھام کی جائے اور غیر ملکوں سے آنے والے مسافروں کی سخت چیکنگ کی جائے جو اپنے ساتھ فحش فلمیں لا کر یہاں بڑی رقم پر فروخت کرتے ہیں۔

سنا ہے کہ وی سی آر کے ذریعے فلموں کی غیر قانونی نمائش سے صرف سینما مالکان اور صنعت فلم سازی ہی کو نقصان نہیں پہنچ رہا ہے بلکہ اس وبا کی وجہ سے شہریوں خاص طور پر نوجوانوں کے اخلاق پر انتہائی مضر اثرات مرتب ہو رہے ہیں۔ کئی بچے بھی دیکھتے ہیں اور اگر نوجوانوں نے اپنا شوق پورا کرنے کے لئے رقم نہ ہونے کی وجہ سے گھروں سے نقدی یا دیگر گھریلو اشیاء کی جیب سے رقم چوری کی۔ یہ صورت حال یقیناً تشویشناک ہے اور اس مسئلے کے حل کی فوری ضرورت ہے۔



نیا اداکار آفتاب ادا کارہ بابرہ شریف کے ساتھ بس اسٹاپ میں

اداکارہ زمرد کے گھر ڈاکہ ڈالنے پر فاروق بندیال، وسیم بٹ، احمد نواز اور سردار محمد خان کو ۱۴-۱۴ برس قید اور ۲۰-۲۰ کوڑوں کی سزا

جمشید اکبر ساہی کو دس برس اور گل محمد کو پانچ برس قید اور ۲۰-۲۰ کوڑوں کی سزا

خصوصی فوجی عدالت نے دو ملزموں زبیر عبداللہ کیانی اور محمد مظفر کو بری کر دیا



فاروق بندیال اور سردار محمد کے سوا تمام مجرموں کو کوڑے لگا دیئے گئے

لاہور ——— روزنامہ خصوصی فوجی عدالت نے فلمی اداکارہ زمرد کے بنگلے پر ڈاکہ کی واردات کرنے والے ملزموں کے خلاف مقدمے کا فیصلہ سنا دیا۔ فاضل عدالت نے چار ملزموں فاروق بندیال، وسیم یعقوب بٹ، احمد نواز اور سردار محمد خان کو چودہ چودہ سال قید بامشقت اور بیس بیس کوڑوں کی سزا کا حکم سنایا ہے جبکہ باقی دو ملزموں جمشید اکبر ساہی کو دس سال قید بامشقت اور بیس کوڑوں اور ملزم گل محمد کو پانچ سال قید بامشقت اور بیس کوڑوں کی سزا کا حکم سنایا ہے۔ فاضل خصوصی فوجی عدالت نے اس مقدمے میں ملوث دو ملزموں زبیر عبداللہ کیانی اور محمد مظفر کو جرم ثابت نہ ہونے پر بری کر دیا ہے۔ مارشل لاء ایڈمنسٹریٹر پنجاب نے ان سزاؤں کی توثیق کر دی ہے۔

استغاثے کے مطابق ۱۰ اپریل ۱۹۷۸ء کو ملزموں نے فلمی اداکارہ کے گھر واقع گلبرگ میں ڈاکہ ڈالا اور زیورات، جواہرات، کلائی گھڑیاں، ٹیپ ریکارڈر، ریڈیو، ٹی وی سیٹ اور ہزاروں روپے کے کرنسی نوٹ چھین لئے تھے۔ عدالت میں ملزم احمد نواز، سردار محمد خان، فاروق بندیال، وسیم یعقوب بٹ اور گل محمد کے خلاف مارشل لاء کے ضابطہ کے تحت اصل جرم پر مقدمہ چلایا گیا جبکہ دیگر دو افراد جمشید اکبر ساہی اور محمد مظفر کے خلاف ان کے قبضے سے مسروقہ سامان برآمد ہونے کی بنا پر تعزیرات پاکستان کی دفعہ ۴۱۱ کے تحت مقدمہ چلایا گیا۔

عدالت نے چار ملزموں کو سزا کا حکم سناتے ہی کوٹ لکھپت جیل میں کوڑے لگا دیئے گئے جبکہ دو ملزموں فاروق بندیال اور سردار محمد کو کوڑے محض اس وجہ سے نہیں لگائے گئے کہ ڈاکٹری رپورٹ کے مطابق وہ اس قابل نہ تھے جن ملزموں کو کوڑے لگائے گئے ان میں ملزم وسیم یعقوب بٹ، جمشید ساہی، گل محمد اور احمد نواز خان ہیں یہ چاروں اس وقت جیل ہسپتال میں زیر علاج ہیں۔

آخری اطلاعات کے مطابق ملزم گل محمد کو دس کوڑے لگائے گئے ہیں جب کہ باقی تینوں کو بیس بیس کوڑے لگائے گئے جیل حکام کے مطابق آج جب شبنم ڈکیتی کیس کی سماعت کے بعد ملزم فاروق بندیال وغیرہ کو کوٹ لکھپت جیل لے جایا گیا تو انہیں زمرد ڈکیتی کیس کے مقدمے کا فیصلہ سنانے کے فوراً بعد کوڑے لگانے کا سلسلہ شروع کر دیا گیا۔ وسیم یعقوب بٹ، احمد نواز، جمشید ساہی کو بیس بیس کوڑے لگائے گئے مگر ملزم گل محمد کو ابھی دس کوڑے ہی لگائے گئے تھے کہ اس کی حالت خراب ہو گئی چنانچہ جیل کے ڈاکٹر نے دس کوڑوں کے بعد اس کو مزید کوڑے نہ لگانے کا مشورہ دیا



فاروق بندیال



سردار محمد



گل محمد



ملک مظفر



جمشید ساہی



وسیم بٹ

پاکستان نے پہلا میچ ہارنے کے بعد دوسرا میچ آسانی سے جیت لیا

کرائسٹ چرچ (راسٹر) پاکستان نے نیوزی لینڈ کے دورے کا آغاز ۳۵ اوورز کا ایک میچ ہار کر اور دوسرا جیت کر کیا ہے۔ پہلے میچ میں اسے آکلینڈ نے ۲۷ رنز سے ہرایا تھا جبکہ دوسرے میچ میں پاکستان نے کینٹربری کو آسانی سے شکست دے دی۔ اس میچ میں مقامی ٹیم نے پہلے بیٹنگ کی اور مقررہ ۳۵ اوورز میں سات وکٹوں پر صرف ۱۹۲ رنز بنائے۔ رابرٹ فلش نے ۷۰ رنز بنائے اور ناٹ آؤٹ رہے۔ عمران خان نے اپنے سات اوورز میں ۲۶ رنز کے عوض ۳ وکٹیں لے کر مقامی ٹیم کو سب سے زیادہ نقصان پہنچایا تاہم سب سے زیادہ نقصان سرفراز نواز نے پہنچایا تھا جنہوں نے دو افتتاحی کھلاڑیوں کو اسکور بورڈ پر ۱۴ کا ہندسہ لگنے تک آؤٹ کر دیا تھا۔ پاکستانی بیٹسمین نیوزی لینڈ کے ٹیسٹ تیز بولر رچرڈ ہیڈلی سے ذرا بھی خوف زدہ دکھائی نہیں دیتے تھے انہوں نے صرف ایک وکٹ کے نقصان سے مطلوبہ رنز پورے کر لئے۔ طلعت علی ۲۳ رنز بنا کر آؤٹ ہو گئے جبکہ مدثر نذر اور ظہیر عباس بالترتیب ۱۰۲ اور ۵۰ رنز بنا کر ناٹ آؤٹ رہے۔ پہلے میچ میں آکلینڈ نے ۳۵ اوورز میں ۹ وکٹوں پر ۱۸۵ رنز بنائے تھے۔ پارکر نے سب سے زیادہ (۶۴) رنز بنائے جبکہ قاسم نے ۳ اور عمران، سرفراز اور سکندر نے دو دو کھلاڑی آؤٹ کئے عمران کو چھوڑ کر تمام پاکستانی بیٹسمین بری طرح ناکام رہے اور پوری ٹیم صرف ۱۵۸ رنز بنا کر آؤٹ ہو گئی جس وقت عمران کھیلنے آئے اسکور صرف ۱۰ تھا اور ۴ کھلاڑی آؤٹ ہو چکے تھے عمران نے ۷۲ رنز بنائے اور ناٹ آؤٹ رہے۔ کینٹربری اور پاکستان کے میچ کا اسکور حسب ذیل ہے

اسکور بورڈ

کینٹربری

بی جی ہیڈلی	ب سرفراز نواز	۴
جے بی سمتھ	ب سرفراز نواز	۴
فلش	ناٹ آؤٹ	۷۰
ہیکوٹن	ک آفتاب ب سکندر	۶
ڈی آر ہیڈلی	ک قاسم ب مدثر	۲۶
ریان	ب عمران خان	۲۲
آر جے ہیڈلی	ب عمران خان	۷
سنیڈ	ب عمران خان	۴
زائد (بائی ۱، لیگ بائی ۱۱، نوبال ۲، وائیڈ بال ۱)		۱۹
میزان	سات وکٹوں پر	۱۹۲

وکٹ گرنے کی رفتار

۱—۶، ۲—۱۴، ۳—۳۴، ۴—۱۰۱، ۵—۱۴۰، ۶—۱۵۰، ۷—۱۹۲

بولنگ کا تجزیہ

نام	اوور	میڈن	رنز	وکٹ
عمران	۷	—	۲۶	۳
سرفراز	۷	۱	۲۲	۲
سکندر	۷	۱	۵	۱
اقبال	۴	—	۳۱	صفر
مدثر	۶	—	۲۲	۱
قاسم	۴	—	۲۵	صفر

پاکستان

مدثر نذر	ناٹ آؤٹ	۱۰۲
طلعت علی	ب ڈی آر ہیڈلی	۲۳
ظہیر عباس	ناٹ آؤٹ	۵۰
زائد (بائی ۱، لیگ بائی ۹، نوبال ۳، وائیڈ بال ۷)		۲۰
میزان	ایک وکٹ پر	۱۹۵

وکٹ گرنے کی رفتار

۱—۹۳

بولنگ کا تجزیہ

نام	اوور	میڈن	رنز	وکٹ
آر جے ہیڈلی	۶	—	۱۴	صفر
ہیڈمین	۴	۱	۱۹	صفر
سنیڈ	۳	۱	۱۸	صفر
کنز	۵	—	۲۸	صفر
ٹروپ	۴	—	۲۹	صفر
ڈی آر ہیڈلی	۶	۱	۳۲	۱
براؤن	۲	—	۴	صفر

پاکستان کرکٹ ٹیم کے دورہ نیوزی لینڈ کا پروگرام

کراچی ——— پاکستان کی کرکٹ ٹیم کے نیوزی لینڈ کے دورے کے میچ ۱۳ جنوری سے شروع ہو رہے ہیں اس پروگرام کی تفصیلات یہ ہیں —

۱۳ جنوری ۱۹۷۹ء ایک روزہ انٹرنیشنل میچ بمقام آکلینڈ
۱۵ جنوری ۱۹۷۹ء ایک روزہ انٹرنیشنل میچ بمقام کرائسٹ چرچ
۱۶، ۱۷ اور ۱۸ جنوری کو سہ روزہ میچ بمقام نیلسن
۲۰، ۲۱ اور ۲۲ جنوری کو سہ روزہ میچ بمقام ویلنگٹن
۲۴، ۲۵ اور ۲۶ جنوری کو سہ روزہ میچ بمقام روٹورا
۲۷، ۲۸ اور ۲۹ جنوری کو سہ روزہ میچ بمقام ہملٹن
پہلا ٹیسٹ میچ ۲ تا ۷ فروری بمقام کرائسٹ چرچ
۱۰، ۱۱ اور ۱۲ فروری کو سہ روزہ میچ بمقام ڈنیڈن
دوسرا ٹیسٹ میچ ۱۶ تا ۲۱ فروری بمقام نیپئر
تیسرا ٹیسٹ میچ ۲۳ تا ۲۸ فروری بمقام آکلینڈ

دو ہزار سات سو پاکستانیوں پر سعودی عرب سے باہر جانے پر پابندی لگا دی گئی

۹۲ لاکھ سعودی ریال کی چوری

فرینکفرٹ ——— سعودی عرب کے حکام نے ریاض میں ایک تعمیراتی منصوبے پر کام کرنے والے دو ہزار سات سو پاکستانیوں اور مغربی جرمنی کے سو سے تین سو شہریوں پر ملک سے باہر جانے پر پابندی لگا دی ہے یہ پابندی اس منصوبے کے ایجنٹوں کی ادائیگی کے دفتر سے بانوے لاکھ سعودی ریال کی چوری کے بعد لگائی گئی ہے۔ اس پابندی کا انکشاف آج اس منصوبے سے متعلق مغربی جرمنی کی تعمیراتی کمپنی فلپ ہولزمان اے جی نے کیا ہے۔ کمپنی کے ذرائع نے بتایا ہے کہ اس چوری کے سلسلے میں سعودی حکام نے دو جرمنوں اور متعدد پاکستانیوں کو گرفتار کر لیا ہے۔

اصلاح الدین بھی ریٹائر ہو گئے

کراچی ——— پاکستان کی ہاکی ٹیم کے کپتان اصلاح الدین نے جن کی قیادت میں پاکستان ٹیم کئی کامیابیوں سے ہمکنار ہوئی ہے۔ ریٹائرمنٹ کا اعلان کر دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ وہ بہت کھیل چکے ہیں اور اب چاہتے ہیں کہ نوجوانوں کو رائٹ آؤٹ پوزیشن میں کھیلنے کا موقع دیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ ایک ریٹائرڈ سپاہی کی طرح ملک کو ضرورت پڑنے پر وہ ملک کی خدمت کے لئے ہمیشہ تیار ہوں گے۔ ریکارڈ کے مطابق ۳۱ سالہ اصلاح الدین ۱۲۳ بین الاقوامی میچ کھیل چکے ہیں جن میں سے ۵۰ میں انہوں نے قیادت کی۔ وہ گیارہ سال سے بین الاقوامی ہاکی کھیل رہے ہیں۔ یاد رہے اس سے قبل پاکستان کے ایک اور مشہور کھلاڑی شہناز شیخ بھی ریٹائرمنٹ کا اعلان کر چکے ہیں۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

شمالی امریکہ میں اردو کا سب سے پہلا اور کثیر الاشاعت اخبار

پندرہ روزہ **کریسنٹ** انٹرنیشنل

جلد : ۷ | ۱۶ صفر ۱۳۹۹ھ | جنوری ۱۹۷۹ء | شمارہ : ۲/۷



بھٹو کی اپیل کے فیصلے کا اعلان اگلے ہفتہ ہوگا

سپریم کورٹ کے فیصلے تک سابق وزیراعظم کو راولپنڈی جیل میں رکھا جائے گا

سزائے موت کے خلاف اپیل پر سات جج فیصلہ صادر کرینگے

راولپنڈی ۔ ــــــــ سپریم کورٹ کے وکلاء کے ذرائع سے معلوم ہوا ہے کہ نواب محمد احمد خاں کے قتل کے مقدمہ میں سزائے موت کے خلاف سابق وزیراعظم بھٹو کی اپیل کے بارے میں سپریم کورٹ کے فیصلے کا اعلان ... کیا جائے گا۔ معلوم ہوا ہے کہ سابق وزیراعظم کو سپریم کورٹ کے فیصلے کے انتظار میں راولپنڈی ... جیل میں رکھا ... فیصلے کے اعلان تک انہیں ... نہیں کیا جائے گا ... سابق وزیراعظم بھٹو کو ...

خاں کے قتل کے جرم میں لاہور ہائی کورٹ کے پانچ ججوں کی فل بنچ نے ... مارچ کو مسٹر بھٹو کو موت کی سزا دی تھی جس کے خلاف بھٹو نے اپیل میں سپریم کورٹ سے ... اپیل کی سماعت ... کے دوران ایک جج ... ریٹائر ہوگئے اور دوسرے جج بیمار ہوگئے اب مسٹر بھٹو اور ان کے چار ساتھی مجرموں کی اپیل پر سات جج فیصلہ صادر کریں گے۔

پیرزادہ اور ممتاز بھٹو کی رہائی کا حکم

...

سفارتخانوں کو پاکستانی باشندوں سے پورا تعاون کرنیکی ہدایت

اسلام آباد میں پاکستانی سفیروں کی کانفرنس ختم ہوگئی

اسلام آباد ۔ پاکستانی سفیروں کی ... کانفرنس آج شام ... ختم ہوگئی ...

بیرون ملک مقیم پاکستانیوں کی فلاح وبہبود کے لئے جامع پروگرام تیار کرلیا گیا

...

پاکستان کے استحکام کو خطرہ ہوا تو سارا علاقہ متاثر ہوگا

امریکہ پاکستان اور ترکی کے بارے میں اپنی نئی پالیسی ٹھیک کرنے کا ... گیا ہے

...

یٰسین وٹو کی نظربندی کالعدم قرار دے دی گئی

...

مصطفےٰ گوکل وفاقی کابینہ سے مستعفی ہوگئے

جہاز رانی اور بندرگاہوں کے معاملات پر چیف مارشل لاء ایڈمنسٹریٹر کے مشیر رہیں گے

...